نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ماہ جولائی کے دوران ترشاوہ باغات کی دیکھ بھال کیلئے ایڈوائزری جاری کردی

لاہور3 جولائی**2026**: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ باغات میں مون سون کے موسم کے دوران کیڑوں اور بیماریوں کا حملہ متوقع ہوتا ہے لہذا باغبان پھپھوندی کش اور کیڑے مار ادویات کا انتظام محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے کریں۔ترشاوہ باغات کو 15 دن کے وقفے سے آبپاشی کریں۔بارش کی صورت میں زائد پانی کی نکاسی کا بندوبست کریں۔اس کے علاوہ بارش کے بعد بورڈ مکسچر / کاپر والی پھپھوندی کش زہر کا سپرے کریں۔نائٹروجنی کھاد کی تیسری قسط رواں ماہ کے دوران استعمال کریں۔پھل کی مکھی کے انسداد کیلئے لگائے گئے پھندوں میں دوائی والے روئی کے تونبے ہر 15 دن بعد بدلتے رہیں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆